الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 30نومبر،2017

الیکشن کمیشن آف پاکستان 4 دسمبر 2017ء کو خواتین کے قومی شناختی کارڈ کے حصول اور ان کے نام بطور ووٹر کو انتخابی فہرستوں میں شامل کرنے کی مہم کا باضابطہ آغاز کر رہا ہے۔تفصیلات کے مطابق عزت مآب جناب چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان جسٹس سردار محمد رضا 4 دسمبر 2017ء کو اس ایک مہم کا باقاعدہ افتتاح کریں گے۔79 اضلاع ایسی تمام خواتین جن کے شناختی کارڈ ابھی تک نہیں بنے ان کے شناختی کارڈ بنوا کر ان کو انتخابی فہرستوں میں شامل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔یہ مہم اپریل 2018ء تک جاری رہے گی۔اس موقع پر نادرا کی ٹیم بمعہ ضروری انتظامات الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں موجود ہوگی۔اور چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا کے افتتاح کے بعد ان خواتین جن کے پاس شناختی کارڈ نہیں ہیں انہیں جاری کرنے کی باقاعدہ مہم کا آغاز ہو جائے گا۔اس سلسلے میں سول سوسائٹی آرگنائزیشن نے عوامی نمائندگان، علاقہ معززین اور مذہبی رہنماؤں کا تعاون بھی حاصل کیا جائے گا تاکہ آئندہ انتخابات سے قبل خواتین کے ووٹوں کے اندراج کو یقینی بنایا جاسکے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆